


4333CH13

# 13 وقت چلتا رہتا ہے




© NCERT
not to be republished


پاپا لائے نیا کیلینڈر
امّاں جھانکے اس کے اندر
اس میں تھی ایک بھول بھینکر
چھَپا نہیں تھا ماہ ستمبر
اس کے آگے کون مہینے
آتے جس میں نہیں پسینے



## آئیے کرتے ہیں

ستمبر 2024 کا کیلینڈر بنائیے۔

### ستمبر

| Sunday<br>اتوار | Saturday<br>سنیچر | Friday<br>جمعہ | Thursday<br>جمعرات | Wednesday<br>بدھ | Tuesday<br>منگل | Monday<br>پیر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

© NCERT not to be republished

ستمبر ماہ کے کیلینڈر کا مشاہدہ کر کے نیچے دی گئی خالی جگہوں کو بھریے۔

1. اس ماہ میں اتواروں کی تعداد ________________
2. اس ماہ میں جمعرات کو آنے والی سبھی تاریخیں۔ ________________
3. 22 ستمبر کے تین دن بعد ________________ ستمبر ہے۔ اس تاریخ کو ________________ کا دن ہے۔
4. ایک اسکول 7 ستمبر کو 15 دن کے لیے بند ہو جاتا ہے۔ جس تاریخ کو اسکول واپس کھلے گا وہ ________________ ہو گی۔



## آیئے معلوم کرتے ہیں

پچھلے دو سال کے کیلنڈر لیجیے۔ دونوں کیلنڈروں میں نیچے دیے گئے تہواروں کا مشاہدہ کیجیے۔

1. دونوں کیلنڈر میں سالوں میں کیا تبدیلی آرہی ہے؟ صحیح جواب پر ✓ کا نشان لگایئے۔
   - مہینوں کے نام — ایک جیسے/الگ
   - ایک مہینے میں دنوں کی تعداد — ایک جیسے/الگ
   - ہفتے میں دنوں کی تعداد — ایک جیسے/الگ
   - اتواروں کی تعداد — ایک جیسے/الگ
   - ایک سال میں ہفتوں کی تعداد — ایک جیسے/الگ
2. ان تہواروں پر دائرہ بنایئے جن کی تاریخ یکساں ہے۔

| تہوار | دن مہینہ سال DD/MM/YY | دن مہینہ سال DD/MM/YY | تہوار | دن مہینہ سال DD/MM/YY | دن مہینہ سال DD/MM/YY |
|---|---|---|---|---|---|
| دیوالی | | | مکر سنکرانتی | | |
| گنیش چترتھی | | | مہاویر جینتی | | |
| عیدالفطر | | | یوم آزادی | | |
| دشہرہ | | | گروپرو | | |
| بدھ پورنما | | | یوم جمہوریہ | | |
| کرسمس | | | آپ کی پیدائش کا دن | | |




## آیئے کرتے ہیں

1. اپنی کاپی میں سال کے بارہ مہینوں کے نام لکھیے۔
2. وہ مہینے جن کے دنوں کی تعداد 30 سے کم ہے ________
3. ایک سال میں دنوں کی تعداد ________
4. ہیتل نے کہا کہ ایک سال میں 53 ہفتے ہوتے ہیں۔ کیا وہ صحیح ہے؟ ہاں/ نہیں۔ اگر نہیں تو آپ کو کیا لگتا ہے کہ ایک سال میں کتنے ہفتے ہوتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

## ہم کتنے بڑے ہیں؟

اپنی والدہ سے گفتگو کیجیے اور نیچے دیے گئے لوگوں کی عمر معلوم کیجیے اور خالی جگہیں بھریے۔




ہیتل اپنے بھائی سے دوگنا بڑی ہے۔ وہ عمر میں 10 سال اپنے بھائی سے زیادہ ہے۔ ہیتل اور اس کے بھائی کی عمر کا اندازہ لگائیے۔



استاد کے لیے نوٹ: بچوں کے ساتھ ان طریقوں پر گفتگو کریں جن کا استعمال انہوں نے مختلف لوگوں کی عمر معلوم کرنے کے لیے کیا۔

© NCERT not to be republished

## آیئے کرتے ہیں

فارم نمبر 5
گورنمنٹ آف کیرل



# پیدائشی سند

یہ توضیح کی جاتی ہے کہ ذیل میں دی گئی معلومات اصل پیدائشی ریکارڈ سے لی گئی ہے جو کہ 2015 کی کوٹّایم پنچایت کے رجسٹر میں درج ہے۔

| | |
|---|---|
| نام: | بِنسی تھامس جیکب |
| جنس: | لڑکی |
| پیدائش کی تاریخ: | 02/05/2015 (02 مئی دوہزار پندرہ) |
| پیدائش کی جگہ: | کدم پُزہ اسپتال |
| والد کا نام: | جیکب تھاراکان |
| والدہ کا نام: | لارا تھامس |
| رجسٹریشن کی تاریخ: | 02/05/2015 |
| رجسٹریشن نمبر: | 815/15 |

تاریخ: 18.05.2015 دستخط آفیسر

© NCERT not to be republished

بِنسی کی پیدائشی سند کو دیکھیے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے۔

1. 02/05/2015 سے ظاہر ہوتا ہے کہ بِنسی کی پیدائش 2(اپریل/مئی/جون/جولائی)2015 کو ہوئی۔
2. 2 مئی 2025 کو بِنسی کی عمر کیا ہوگی؟ ______
3. 2030 میں بِنسی کی کیا عمر ہوگی؟ ______
4. بِنسی کا آٹھواں یوم پیدائش ______ کو ہوا ہوگا۔
5. 2 اگست 2015 کو بنسی ______ مہینے کی تھی۔
6. اس کی پیدائشی سند اپیدا ہونے کے کتنے دنوں کے بعد جاری ہوئی؟ ______



## آیئے کرتے ہیں

1. خالی جگہوں کو بھر کر اپنی پیدائشی سند بنایئے۔

فارم نمبر ____________

گورنمنٹ آف ____________

# پیدائشی سند

یہ توضیح کی جاتی ہے کہ یہ معلومات اصل پیدائشی ریکارڈ سے لی گئی ہے جو کہ ____________ اور ____________ کے رجسٹر میں درج ہے۔

نام: ____________

جنس: ____________

پیدائش کی تاریخ: ____________

پیدائش کی جگہ: ____________

والد کا نام: ____________

والدہ کا نام: ____________

سند تیار ہونے کی تاریخ: ____________

سند بننے کے وقت کی عمر: ____________

آپ کے دستخط


© NCERT not to be republished

2. نیچے دیے گئے خانوں میں تاریخیں لکھ کر انھیں مکمل کیجیے۔

| پیدائش کی تاریخ | اسکول میں داخلے کی تاریخ | پہلی جماعت میں داخلے کی تاریخ | تیسری جماعت میں داخلے کی تاریخ |
|---|---|---|---|
| | | | |

## آیئے کھیلتے ہیں

ایک چلتی ہوئی گھڑی لیجیے۔ گھڑی کی سوئیوں کی حرکت کا مشاہدہ کیجیے۔ آپ نے کیا مشاہدہ کیا، گفتگو کیجیے۔





## آیئے کرتے ہیں

1. ہیتل نے صبح 7 بجے اپنا ناشتہ شروع کیا۔ اس نے صبح 7:15 پر اپنا ناشتہ ختم کیا۔

(a) 07:00




(b) 07:15




اسے ناشتہ کرنے میں ______ منٹ لگے۔ آپ نے کیسے معلوم کیا؟

2. نیچے دی گئی گھڑیوں میں گھنٹے کی سوئی اور منٹ کی سوئی بنایئے۔

(a) 8:15 یا سوا آٹھ



(b) 8:30 یا ساڑھے آٹھ



استاد کے لیے نوٹ: گھڑی پر دیے گئے نشانوں اور اعداد کے بارے میں بچوں سے گفتگو کیجیے۔ گھڑی کی مدد سے گھنٹوں اور منٹوں کی مدت کی پیمائش کے عمل پر بات چیت کیجیے۔

© NCERT not to be republished

## آیئے کرتے ہیں


### ہیتل کی زندگی کا ایک دن


کچھ تصاویر کے لیے وقت لکھا ہوا ہے اور اس میں آپ کو گھڑی کی سوئیوں کو بنانا ہے جبکہ دوسری تصویروں کے لیے گھڑی جو وقت دکھا رہی ہے، اس وقت کو لکھنا ہے۔




© NCERT not to be republished

## نانی کے گھر کا سفر






### آیئے سوچتے ہیں

جدول میں دیے گئے وقت میں پوری ہونی والی اپنی روز مرّہ زندگی کی سرگرمیوں کو نیچے خالی خانوں میں بھریے۔ ہر کالم میں مثال کے طور پر ایک خانہ بھرا ہوا ہے۔

| مہینوں کا وقت | ہفتوں کا وقت | دنوں کا وقت | گھنٹوں کا وقت | منٹوں کا وقت |
|---|---|---|---|---|
| گرمی سے سردی کے موسم میں تبدیلی | جماعت میں ایک سبق کا مکمل ہونا | سوئٹر بننا | قمیض کی سلائی | نہانا |
| | | | | |
| | | | | |
| | | | | |



استاد کے لیے نوٹ: بچوں کو دن بھر ہو رہے مختلف واقعات کی طرف متوجہ کیجیے جن میں گھنٹے، منٹ، دن اور مہینے لگتے ہیں۔

3. مندرجہ ذیل سرگرمیوں کو مکمل کرنے میں لگنے والے منٹوں کی تعداد لکھیے۔











| سرگرمی | لیا گیا وقت |
|---|---|
| اسکول کا وقت | ________ منٹ |
| کھانا کھانے کا وقت | ________ منٹ |
| مڈ ڈے میل (دوپہر کا کھانا) | ________ منٹ |
| کھیل کا وقت | ________ منٹ |
| رات کے کھانے کا وقت | ________ منٹ |
| دانت مانجنا | ________ منٹ |

4. مندرجہ ذیل وقت میں آپ کون سی سرگرمی انجام دے سکتے ہیں۔

| وقت | سرگرمی |
|---|---|
| 5 منٹ | |
| 10 منٹ | |
| 15 منٹ | |
| 20 منٹ | |
| 25 منٹ | |
| 30 منٹ | |
| 45 منٹ | |
| 60 منٹ | |

© NCERT not to be republished

5. گھنٹے اور منٹ کی سوئیوں کو دیکھ کر ذیل میں دی گئی گھڑیوں کے شروعاتی وقت اور آخر کے وقت میں کتنے منٹ صَرف ہوئے، لکھیے۔

| شروعاتی وقت | ختم وقت | لیا گیا وقت |
|---|---|---|
|  |  | 5 منٹ |
|  |  | |
|  |  | |
|  |  | |
|  |  | |
|  |  | |

© NCERT not to be republished



## آ یئے معلوم کرتے ہیں

1. آپ نے ڈیجیٹل گھڑیاں دیکھی ہوں گی جو مختلف جگہوں پر استعمال ہوتی ہیں۔ آپ نے ایسی گھڑیاں کہاں دیکھی ہیں؟

2. نیچے دکھائی گئی گھڑیوں کو دیکھیے اور سوالوں کے جواب دیجیے۔







ایک ڈیجیٹل (Digital) گھڑی، ہندسوں کا استعمال کرکے وقت بتاتی ہے۔ جبکہ ایسی میں گھنٹے، منٹ اور سیکنڈ کی سوئیوں سے وقت دکھانے والی گھڑی کو اینالوگ (Analog) گھڑی کہتے ہیں۔

a. اوپر دی گئی گھڑیوں میں کیا فرق ہے؟

b. آپ کے اسکول کی دیوار پر کون سی گھڑی ہے؟

ریت گھڑی کا استعمال کرکے بھی وقت کی پیمائش کی جا سکتی ہے۔ کسی بڑے کی نگرانی میں اپنی ریت گھڑی تیار کیجیے۔

**ضروری اشیا:**

(i) ڈھکن والی دو بے کار شفاف یا کانچ کی چھوٹی بوتلیں

(ii) بوتلوں کے ڈھکن کو چپکانے کے لیے گوند


**طریقہ:**

دونوں بوتلوں کے ڈھکنوں کے اوپری حصّوں کو آپس میں گلو سے چپکائیے۔

جڑے ہوئے ڈھکنوں کے بالکل بیچ میں ایک چھید کیجیے۔

باریک ریت سے ان میں سے ایک بوتل کو آدھا بھریے اور جڑے ہوئے ڈھکنوں سے اسے بند کر دیجیے۔

دوسری بوتل کو بھی جڑے ہوئے ڈھکنوں کے دوسری طرف لگائیے۔



گھڑی کو دیکھ کر مشاہدہ کیجیے کہ ریت کو ایک بوتل سے دوسری بوتل میں منتقل ہونے میں کتنا وقت لگتا ہے۔ آپ کی ریت والی گھڑی استعمال کے لیے تیار ہے۔ مختلف کھیلوں کے دوران آپ اسے استعمال کر سکتے ہیں۔

© NCERT not to be republished